اکثر پوچھے گئے سوالات

COVID-19 :KEY TO NYC کی ٹیکہ کاری کا تقاضا کرنا برائے
اندرون میں تفریح، تواضع، کھانے اور تندرستی کی ترتیبات

COVID-19 کا پھیلاؤ روکنے میں مدد کے لیے، نیو یارک سٹی نے *Key to NYC* کا آغاز کیا ہے جو بعض اسٹیبلشمنٹس سے یہ تصدیق کرنے کا تقاضا کرتا ہے کہ عملہ اور معاونین کو COVID-19 کے خلاف ٹیکہ لگ گیا ہے۔

فہرست مشمولات:

اسٹیبلشمنٹس اور ترتیبات کی اقسام 2
ٹیکہ کاری کے ثبوت کی تصدیق کرنا 3
ٹیکہ کاری کے ثبوت کی اقسام 4
شناخت کے ثبوت کی اقسام 6
مطلوبہ دستخط اور دستاویزات 7
مساویانہ نفاذ اور معقول سہولتیں 8
کاروبار کے لیے وسائل 8
نفاذ قانون 9
ٹیکہ لگوانا 9

اسٹیبلشمنٹس اور ترتیبات کی اقسام

کس قسم کی ہستیوں کو ٹیکہ کاری کا ثبوت مانگنا ہوتا ہے؟
بعض اقسام کی اندرون میں تفریح، تواضع، کھانے اور تندرستی کی اسٹیبلشمنٹس سے یہ چیک کرنے کا تقاضا کیا جاتا ہے کہ ان کے ملاقاتیوں اور عملہ کو ٹیکہ لگ گیا ہے۔

کن جگہوں کو "اندرون" مانا جاتا ہے؟
Key to NYC کے مقاصد کے مدنظر، "اندرون" کی جگہیں وہ ہیں جن کے اوپر چھت یا منڈیر ہو اور وہ تین یا اس سے زائد دیواروں پر مشتمل ہوں۔ *تاہم*، *Key to NYC* کے مقاصد کے مدنظر، درج ذیل ڈھانچوں کو بیرون مانا جاتا ہے اور آپریٹرز کو ٹیکہ کاری کی حالت چیک کرنے کی ضرورت نہیں ہوتی ہے:

- پگڈنڈی پر یا سڑک کنارے موجود اور پگڈنڈی کے سامنے کے رخ سے پوری طرح کھلے ہوئے ڈھانچے، یا
- بیرون میں کھانا کھانے کے ڈھانچے جو انفرادی تقریبات کے لیے بنائے گئے ہوں (جیسے پلاسٹک کے گنبد) تاوقتیکہ گنبد میں ہوا کو گردش کرنے دینے کے لیے معقول ہوا داری موجود ہو۔

اندرون میں کس قسم کی تفریحی ترتیبات سے تعمیل کرنے کا تقاضا کیا جاتا ہے؟
مووی تھیئٹرز، موسیقی یا کنسرٹ کے مقامات، بالغوں کے لیے تفریح، جوا خانے، نباتی باغ، کمرشیل تقریب اور پارٹی کے مقامات، عجائب گھر، مچھلی گھر، چڑیا گھر، پیشہ ورانہ کھیل کے میدان اور اندرون میں اسٹیڈیمز، کنوینشن سنٹرز اور نمائش گاہیں، ہوٹل میں ملاقات اور تقریب کے مقامات، پرفارمنگ آرٹس تھیٹرز، باؤلنگ ایلیز، آرکیڈز، اندرون میں کھیلنے کی جگہیں، پول اور بلیئرڈ ہالز اور دیگر تفریحی گیم سنٹرز۔

اگر کسی مقام پر اندرون اور بیرون دونوں ہی حصے ہوں تو *Key to NYC* کے تقاضوں سے صرف اندرون کا حصہ محیط ہے۔ اگر کسی عبادت گاہ کی جانب سے کسی مذہبی تقریب کے لیے کوئی مقام کرائے پر لیا گیا ہے تو تقریب کے دوران *Key to NYC* کے تقاضے کے ذریعے یہ محیط نہیں ہے۔

کسی احاطہ بند ادارے کو شادی یا کسی دیگر تقریب کے لیے کرایہ پر لیے جانے کی صورت میں *Key to NYC* کی تعمیل کس پر لازم ہے؟

کمرشیل تقریب اور پارٹی کے مقامات، نیز ہوٹل میں ملاقات اور تقریب کی جگہوں کو *Key to NYC* کی تعمیل کرنا لازم ہے۔ ملاقاتیوں اور عملہ کے ٹیکہ لگا ہوا ہونے کی جانچ کرنے کی ذمہ داری وہ جگہ کرایے پر لینے والے فرد پر نہیں، بلکہ بذات خود اس مقام پر عائد ہوتی ہے۔

فوڈ سروس کے کس قسم کی اسٹیبلشمنٹس سے *Key to NYC* کی تعمیل کرنے کا تقاضا کیا جاتا ہے؟
درج ذیل سے تعمیل کرنے کا تقاضا کیا جاتا ہے، **<u>الّا یہ کہ وہ صرف ٹیک آؤٹ یا ڈیلیوری کی پیشکش کرتے ہوں</u>**:

- فوڈ سروس کی وہ تمام اسٹیبلشمنٹس جو NYC محکمۂ صحت اور ذہنی حفظان صحت کے ریستوران کی درجہ بندی کے اس پروگرام کا حصہ ہیں جو اندرون میں طعام یا مشروبات کی سروس فراہم کرتی ہیں، بشمول:
  - ریستوران
  - شراب خانے
  - کافی شاپ
  - نائٹ کلبز
  - ہوٹلوں، کالجوں اور یونیورسٹیوں اور مالز میں طعام کی اسٹیبلشمنٹس
  - کیفے ٹیریا
- وہ کاروبار جو ہوٹلز اور مالز سمیت، فوڈ کورٹس میں اندرون میں بیٹھنے کی جگہیں چلاتے ہیں
- وہ کاروبار جو اپنی حدود کے اندر کیٹرنگ سروسز مہیا کرتے ہیں
- نیویارک اسٹیٹ کے محکمۂ زراعت اور مارکیٹس کے ذریعے منضبط کردہ کرانہ اسٹورز، فوڈ مارکیٹس، مے فروش اور دیگر فوڈ ریٹیلرز اگر وہ اندرون میں سائٹ پر کھانے کی جگہیں فراہم کرتے ہوں

اگر کوئی اسٹیبلشمنٹس صرف ٹیک آؤٹ، ڈیلیوری یا بیرون میں طعام کی سروس پیش کرتی ہے، تو اندرون میں موجود کوئی بھی میزیں، کرسیاں، یا دیگر فرنیچر جو کہ عموماً اندرون میں طعام کے لیے معاونین استعمال کرتے ہیں لازماً ہٹا دیے جائیں یا انہیں (علامتوں یا ٹیپ کے ذریعے) بند کر دیا جائے تاکہ وہ استعمال کے لیے دستیاب نہ رہیں۔

کیا کسی فوڈ ریٹیلر جیسے کسی کرانہ اسٹور، مے فروش یا دیگر فوڈ مارکیٹ کو ٹیکہ کے ثبوت کی جانچ کرنے کی ضرورت ہوتی ہے؟

صرف ان معاونین کے لیے جو کسی جگہ کو اندرون میں بیٹھ کر کھانے کے لیے استعمال کرتے ہیں۔ مثلاً، کرانہ اسٹور یا شراب خانہ جو معاونین کے لیے اندر بیٹھنے اور کھانے کے لیے میز اور کرسیاں فراہم کرتا ہے اسے اس حصے کا استعمال کرنے والے کسی معاون کے مدنظر ٹیکہ کاری کا ثبوت چیک کرنا ضروری ہے، اگر وہ کاروبار اس جگہ کو کھلا رکھنے کا انتخاب کرے۔

کس قسم کے تندرستی کے مراکز سے تعمیل کرنے کا تقاضا کیا جاتا ہے؟

تن تنہا جم اور تندرستی کے مراکز؛ ہوٹل کے جم اور تندرستی کے مراکز؛ اعلی تعلیمی اداروں میں جم اور تندرستی کے مراکز؛ یوگا؛ پیلاٹیس، ڈانس اور بار اسٹوڈیو، باکسنگ اور کک باکسنگ جم؛ فٹنس بوٹ کیمپس؛ انڈور پولز؛ انڈور ٹینس فسیلیٹیز اور ٹینس ببلز؛ انڈور آئس اسکیٹنگ؛ کراس فٹ یا دیگر پلائومیٹرک باکسز؛ اور اندرون میں اجتماعی تندرستی کی کلاسیں کروانے والی دیگر جگہیں۔*

*نوٹ: "اجتماعی تندرستی کی کلاسیں" کی صراحت کسی معلم کی زیر رہنمائی دو (2) یا زائد شرکاء کے بطور کی گئی ہے۔

کیا رہائش گاہوں یا دفاتر میں اندرون میں طعام، تفریح اور تندرستی کی ترتیبات پر *Key to NYC* کا اطلاق ہوتا ہے؟

درج ذیل ترتیبات میں واقع اندرون میں طعام، تفریح اور تندرستی *Key to NYC* سے مستثنی ہیں:

- نجی رہائشی عمارتیں جب وہ ترتیبات صرف مکینوں کے لیے دستیاب ہوں
- دفتر کی عمارتیں جب وہ ترتیبات صرف دفتر کے عملہ کے لیے دستیاب ہوں
- پری کے سے لےکر گریڈ -12 تک کے اسکول
- بزرگوں کے مراکز
- کمیونٹی سنٹرز
- نگہداشت طفل کے پروگرام

کیا *Key to NYC* کا اطلاق خالص طور پر ان ریٹیل اسٹیبلشمنٹس پر ہوتا ہے جن میں اندرون میں طعام، جیسے کپڑے اور کھلونے کے اسٹور نہیں ہیں؟

نہیں۔ اگر کوئی اسٹیبلشمنٹ خالص طور پر ریٹیل ہے تو پھر اس اسٹیبلشمنٹ سے ٹیکہ کاری کا ثبوت چیک کرنے کا تقاضا نہیں کیا جاتا ہے۔

اگر کسی اسٹیبلشمنٹ میں اندرون اور بیرون والے دونوں حصے ہوں تو کیا ہوگا؟

اگر کسی اسٹیبلشمنٹ میں اندرون اور بیرون والے دونوں حصے (مثلاً، اندرون میں تندرستی مرکز نیز بیرون میں پول یا عجائب گھر نیز معاونین کے لیے اندرون اور بیرون میں جگہیں) ہوں تو صرف اندرون کا حصہ Key to NYC کے تقاضوں کے ذریعے محیط ہے۔

اگر کوئی اسٹیبلشمنٹ کسی انتخاب کے لیے پول سائٹ کے بطور استعمال ہو رہا ہو تو کیا ہوگا؟

آپ سے ووٹ ڈالنے، ووٹر کا ساتھ دینے، یا انتخاب کا مشاہدہ کرنے کے لیے آپ کے اسٹیبلشمنٹ میں داخل ہونے والے کسی شخص کی ٹیکہ کاری کے ثبوت کا تقاضا نہیں کرنا چاہیے۔

ٹیکہ کاری کے ثبوت کی تصدیق کرنا

ٹیکہ کاری کا ثبوت کس کو ڈسپلے کرنا ضروری ہے؟

Key to NYC کے اسٹیبلشمنٹس میں موجود ملازمین، معاونین، انٹرنز، ضمنی ٹھیکیداروں اور رضاکاروں کو ٹیکہ کاری کا ثبوت ڈسپلے کرنا ضروری ہے۔ 14 دسمبر 2021 سے، پانچ سال اور اس سے زائد عمر کے معاونین کو ٹیکہ کاری کا ثبوت ڈسپلے کرنا ہوگا۔ ٹیکہ کاری کے ثبوت کے لیے جو چیز کافی ہے اس کے لیے، ذیل کا سوال دیکھیں، "ٹیکہ کاری کے کس قسم کے ثبوت کافی ہیں؟"

کاروبار ان لوگوں کا ثبوت رکھ سکتے ہیں جنھوں نے اس سے پہلے ٹیکہ کاری کے ثبوت فراہم کیے ہیں، بجائے اس کے کہ اسٹیبلشمنٹ میں اس فرد کے ہر بار داخل ہوتے وقت ثبوت ڈسپلے کرنے کا تقاضا کیا جائے۔ کاروباروں کو کوئی طبی معلومات ریکارڈ نہیں کرنی ہوتی ہیں، لیکن وہ الیکٹرانک ریکارڈ یا کاغذی لاگ، بشمول گاہک کا نام، فراہم کردہ ٹیکہ کاری کے ثبوت کی

قسم، اس طرح کا ثبوت فراہم کیے جانے کی تاریخ اور اس طرح کے ثبوت کا جائزہ لینے والے ملازم کا نام سنبھال کر رکھ سکتے ہیں۔ اگر کوئی کاروبار بار بار گاہکوں کو چیک کرنے کی بجائے فائل میں اس طرح کی معلومات رکھنے کا انتخاب کرتا ہے تو یہ عمل کاروبار کے منصوبے میں ریکارڈ ہونا چاہیے جو *Key to NYC* کے تقاضے نافذ اور لاگو کرنے کے لیے محیط ادارے کے پروٹوکول کو بیان کرتا ہو۔

کاروباروں کے پاس اپنے کارکنان کے مدنظر ریکارڈ رکھنے کے اضافی تقاضے ہوتے ہیں۔ براہ کرم صفحہ 7 پر ذیل کا سوال، "مجھے کون سی دستاویزات رکھنے کی ضرورت ہے؟" دیکھیں۔

کیا مجھے ان ٹھیکیداروں کے لیے ٹیکہ کاری کے ثبوت کی تصدیق کرنے کی ضرورت ہے جو نیو یارک سٹی میں نہیں رہتے ہیں؟
ہاں۔

نیو یارک میں 5 سال سے کم عمر کے جو افراد ٹیکہ کاری کے اہل نہیں ہیں ان کے بارے میں کیا خیال ہے؟
5 سال سے کم عمر کے افراد ٹیکہ کاری کا ثبوت ڈسپلے کیے بغیر *Key to NYC* کے اسٹبلشمنٹس میں داخل ہو سکتے ہیں تاوقتیکہ وہ فیس ماسک پہنے ہوئے ہوں، سوائے کھانے اور پینے کے وقت۔ 2 سال اور اس سے کم عمر کے بچوں سے ماسک پہننے کا تقاضا نہیں کیا جاتا ہے۔

5 سال سے کم عمر کے جو افراد اسکول ٹرپ پر ہیں یا اسکول کے بعد کے پروگرام میں شرکت کر رہے ہیں ان کے بارے میں کیا خیال ہے؟
5 سال اور اس سے زائد عمر کے افراد *Key to NYC* کی اسٹبلشمنٹس میں تب ٹیکہ کاری کا ثبوت ڈسپلے کیے بغیر داخل ہو سکتے ہیں جب وہ اسکول میں یا اپنے اسکول یا سٹی کی ایجنسی کی زیر کفالت اسکول کے بعد کے پروگرام میں شرکت کرنے کے لیے اسکول میں داخل ہو رہے ہوں، تاوقتیکہ جب بھی وہ سرگرم انداز میں کھا یا پی نہیں رہے ہوں تب وہ فیس ماسک پہنیں۔ تاہم اضافی نصابی سرگرمیوں میں شرکت کرنے والے محکمۂ تعلیم اور چارٹر اسکول کے طلبہ کو ٹیکہ لگا ہونا ضروری ہے۔

کیا افراد کو ٹیکہ کاری کا ثبوت دکھائے بغیر کپڑے تبدیل کرنے کے لیے باتھ روم یا لاکر روم استعمال کرنے کی اجازت ہے؟
ہاں، تاوقتیکہ وہ فیس ماسک پہنے ہوئے ہوں۔

کیا مجھے سپلائرز یا وینڈرز کے لیے ٹیکہ کاری کا ثبوت چیک کرنے کی ضرورت ہے؟
آپ کو ڈیلیوریز یا پک اپ کا کام کرنے والے افراد کے لیے، کلی طور پر لازمی مرمتیں انجام دینے کے مقصد سے اسٹبلشمنٹ میں داخل ہونے والے افراد کے لیے، یا ٹیک آؤٹ یا ڈیلیوری کے لیے غذا جیسے آئٹمز اٹھانے والے افراد کے لیے ٹیکہ کاری کا ثبوت چیک کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔ ان افراد کو فیس ماسک پہننا ضروری ہے۔

اندرون میں کسی تفریح کے مقام پر یا فوڈ سروس والی اسٹبلشمنٹ میں حاضر ہونے والے پرفارمرز اور ان کے ساتھ اپنی باقاعدہ ملازمت کے حصے کے طور پر آنے والے افراد کے بارے میں کیا خیال ہے — کیا مجھے ان کے لیے ٹیکہ کاری کے ثبوت کی تصدیق کرنے کی ضرورت ہے؟
ہاں، اگر وہ نیو یارک سٹی کے مکین ہیں یا وہ *Key to NYC* کی اسٹبلشمنٹ میں باقاعدہ طور پر بر سر ملازمت ہیں۔ کسی دیگر پرفارمر، یا پرفارمر کے ساتھ آنے والے فرد کو ٹیکہ کاری کا ثبوت فراہم کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔

اسپورٹس اسٹیڈیم یا میدان کے کسی اندرونی حصے میں حاضر ہونے والے پروفیشنل ایتھلیٹس اور ان کے ساتھ اپنی باقاعدہ ملازمت کے حصے کے طور پر آنے والے افراد کے بارے میں کیا خیال ہے — کیا مجھے ان کے لیے ٹیکہ کاری کے ثبوت کی تصدیق کرنے کی ضرورت ہے؟
ہاں، محیط اداروں کو پیشہ ور ایتھلیٹ، نیز کالج ایتھلیٹ اور ان کے ساتھ اپنی باقاعدہ ملازمت کے حصے کے طور پر آنے والے افراد کے لیے ٹیکہ کاری کے ثبوت کی تصدیق کرنی ہوتی ہے **الّا یہ کہ** یہ افراد نیو یارک سٹی میں **نہیں** رہتے ہوں اور پیشہ ور یا کالج کے ایتھلیٹک مقابلوں میں شرکت کرنے کے مقصد سے محیط ادارے میں داخل ہو رہے ہوں۔ نیو یارک سٹی کی "ہوم ٹیم" کے کھلاڑی اور عملہ کو ٹیکہ لگا ہوا ہونا ضروری ہے، اس بات سے قطع نظر کہ وہ کہاں رہتے ہیں۔

ٹیکہ کاری کے ثبوت کی اقسام

ٹیکہ کاری کے کس قسم کے ثبوت کافی ہیں؟

27 دسمبر 2021 سے، 12 سال اور اس سے زائد عمر کے معاونین کے لیے یہ ثابت کرنا ضروری ہے کہ انہیں امریکی [فوڈ اینڈ ڈرگ ایڈمنسٹریشن (Food and Drug Administration, FDA)](https://www.fda.gov/emergency-preparedness-and-response/coronavirus-disease-2019-covid-19/covid-19-vaccines) سے یا [عالمی صحت تنظیم (World Health Organization, WHO)](https://www.who.int/emergencies/diseases/novel-coronavirus-2019/covid-19-vaccines) یا کسی فعال (نہ کہ پلیسیبو) COVID-19 ٹیکہ کے ایسے امیدوار سے منظور شدہ ٹیکہ کا پورا دور موصول ہو گیا ہو جو امریکی اساس والی طبی آزمائش کا حصہ ہو۔

- FDA: https://www.fda.gov/emergency-preparedness-and-response/coronavirus-disease-2019-covid-19/covid-19-vaccines
- WHO: https://www.who.int/emergencies/diseases/novel-coronavirus-2019/covid-19-vaccines

12 سال یا اس سے زائد عمر کے معاونین کے لیے، COVID-19 کے ٹیکے کا پورا دور دو خوراک والے ٹیکہ جیسے Pfizer یا Moderna کے ٹیکے کی کم از کم دو خوراکیں، یا واحد خوراک والے ٹیکہ جیسے جانسین/جانسن اینڈ جانسن کے ٹیکے کی ایک خوراک ہے۔

5-11 سال کی عمر کے بچوں کو 28 جنوری 2022 تک صرف ایک واحد خوراک درکار ہے۔ 29 جنوری 2022 سے، 5-11 سال کی عمر کے بچوں کو 12 سال اور زائد عمر کے بچوں کی طرح ہی COVID-19 کے ٹیکے کے پورے دور کا ثبوت دکھانا ہوگا۔

جو بچے 13 دسمبر 2021 تک 5 سال کے نہیں ہو پاتے ہیں ان کے پاس پوری طرح سے ٹیکہ لگانے کے لیے اپنے یوم پیدائش کے بعد 45 دن تک کا وقت ہوگا۔

	ایک خوراک کا ثبوت	پورے دور کا ثبوت
5-11 سال کی عمر	ہاں، لیکن صرف **28 جنوری 2022 تک**	ہاں، **29 جنوری 2022** سے
12 سال اور اس سے زائد عمر	ہاں، لیکن صرف **26 دسمبر 2021 تک**	ہاں، **27 دسمبر 2021** سے

کافی ثبوت درج ذیل کو ڈسپلے کر کے دکھایا جا سکتا ہے:

- CDC کے اپنے ٹیکہ کاری کارڈ کی فوٹو یا ہارڈ کاپی
- NYC کی COVID Safe ایپ
- نیو یارک اسٹیٹ ایکسلسیئر ایپ
- CLEAR کا ڈیجیٹل ٹیکہ کارڈ، CLEAR کا ہیلتھ پاس
- ٹیکہ کا باضابطہ ریکارڈ
- امریکہ سے باہر لگائے گئے ٹیکے کے باضابطہ ٹیکہ کاری کے ریکارڈ کی فوٹو یا ہارڈ کاپی درج ذیل ٹیکوں میں سے ایک کے لیے[1]: AstraZeneca/SK Bioscience، Serum Institute of India/COVISHIELD اور Vaxzevria، Sinopharm ، یا Sinovac۔

اگر کوئی فرد *Key to NYC* کی اسٹیبلشمنٹ میں ٹیکہ کاری کا ثبوت دکھانے سے انکار کرتا ہے تو کیا ہوگا؟

جو فرد ٹیکہ کاری کا ثبوت دکھانے سے انکار کرتا ہے اور جسے ذیل میں حسب مذکور معقول سہولت نہیں دی گئی ہے (نیچے "مساویانہ نفاذ اور معقول سہولتیں" والا سیکشن دیکھیں) وہ کافی جلدی اور محدود مقاصد کے سوا داخل نہیں ہو سکتے (جیسے باتھ روم استعمال کرنا، غذا لینا، بل ادا کرنا، یا لاکر روم میں تبدیل کرنا)۔ اس طرح کے محدود مقاصد کے لیے کسی مقام پر داخل ہوتے وقت، ان افراد پر ماسک پہننا لازم ہے۔

بین الاقوامی ٹیکہ کاری کارڈز میں کون سی معلومات شامل کرنی ہوتی ہیں؟

امریکہ سے باہر لگائے گئے ٹیکوں کے لیے ٹیکہ کاری کے ثبوت کا مظاہرہ امیونائزیشن کے کسی باضابطہ ریکارڈ کے ذریعے کیا جا سکتا ہے جس میں درج ذیل ساری چیزیں شامل ہوں:

- پہلا نام اور آخری نام

[1] 14 اگست 2021 تک تازہ ترین۔

- تاریخ پیدائش
- ٹیکہ والے پروڈکٹ کا نام (جیسے: AstraZeneca/SK Bioscience)
- لگائے جانے کی تاریخ
- سائٹ جہاں ٹیکہ لگایا گیا تھا یا وہ فرد جس نے ٹیکہ لگایا
  - امریکہ سے باہر ٹیکہ لگوانے والے لوگوں کے لیے، اصل ملک کو اس سائٹ کے بطور درج کیا جا سکتا ہے جہاں ٹیکہ لگایا گیا تھا

WHO کی جانب سے ہنگامی حالت کے لیے منظور شدہ ٹیکوں سے متعلق بالکل تازہ ترین معلومات کے لیے، WHO کی ویب سائٹ سے https://www.who.int/emergencies/diseases/novel-coronavirus-2019/covid-19-vaccines پر رجوع کریں۔

کیا مجھے یہ ثابت کرنے کی ضرورت ہے کہ ٹیکہ کاری کا ثبوت اصلی ہے؟
نہیں۔

اگر کوئی شخص فرضی ٹیکہ کاری کارڈ پیش کرتا ہے تو کیا ہوگا؟
اگر آپ کو شبہ ہوتا ہے کہ کوئی آدمی فرضی ٹیکہ کاری کارڈ پیش کر رہا ہے تو آپ 311 پر کال کر کے اس کی رپورٹ کر سکتے ہیں، ذیل کی معرفت ایک شکایت دائر کر کے NYS اٹارنی جنرل کے پاس اس کی رپورٹ کر سکتے ہیں: https://ag.ny.gov/complaint-forms، 833-VAX-SCAM (833- 829-7226) پر کال کر کے یا ریاستی محکمۂ صحت کو STOPVAXFRAUD@health.ny.gov پر ای میل کر کے

کیا *Key to NYC* کی کوئی اسٹبلشمنٹ سخت تر پالیسی اختیار کر اور عملہ اور معاونین سے اپنی اسٹبلشمنٹ میں داخل ہونے کے لیے پوری طرح سے ٹیکہ لگا ہوا ہونے کا تقاضا کر سکتی ہے؟
ہاں۔ *Key to NYC* کی اسٹبلشمنٹس *Key to NYC* کے تقاضوں سے آگے بڑھ کر پوری ٹیکہ کاری یا دیگر حفاظتی اقدامات کا مطالبہ کر سکتی ہیں، لیکن، ہمیشہ کی طرح، انہیں ایسے عملہ اور معاونین کے لیے جنہیں معذوری یا طبی کیفیت سے تعلق رکھنے والی وجوہات کے مدنظر ٹیکہ نہیں لگا ہے نیز ایسے عملہ کے لیے جنہیں مذہبی عقیدے سے تعلق رکھنے والی وجوہات کے مدنظر ٹیکہ نہیں لگا ہے مناسب معقول سہولتوں پر غور کرنا چاہیے۔ معقول سہولتوں کے بارے میں مزید معلومات کے لیے، نیچے "مساویانہ نفاذ اور معقول سہولتیں" والا سیکشن دیکھیں۔

شناخت کے ثبوت کی اقسام

کیا مجھے ٹیکہ کاری کے ثبوت کے علاوہ دیگر شناخت چیک کرنے کی ضرورت ہے؟
ہاں۔ ٹیکہ کاری کے ثبوت کی طرح شناخت کی وہی معلومات رکھنے والی شناخت بھی ڈسپلے کرنا لازم ہے۔ تاہم، 18 سال سے کم عمر کے بچوں کے لیے شناخت ڈسپلے کرنے کی ضرورت نہیں ہوتی ہے۔

کیا مجھے ہر کسی کی شناخت چیک کرنے کی ضرورت ہے؟
آپ کو ہر اس شخص کی شناخت چیک کرنا ضروری ہے جو 18 سال یا اس سے زائد عمر کا معلوم ہوتا ہو۔ یہ شناخت اسی وقت چیک کی جائے جب آپ اندرون کی کسی جگہ میں داخلہ کے لیے ٹیکہ کاری کا ثبوت چیک کریں۔ اس کے علاوہ، آپ 18 سال سے کم عمر کے افراد کے لیے شناخت چیک کر سکتے ہیں لیکن آپ کو ایسا کرنا ضروری نہیں ہے۔ آپ کو مکرر گاہکوں کی ہر آمد کے لیے شناخت چیک کرنے کی ضرورت نہیں ہے اگر آپ کے پاس الیکٹرانک یا کاغذی ریکارڈز ہوں جن سے ثابت ہوتا ہو کہ اس طرح کے گاہکوں نے اس سے پہلے ٹیکہ کاری اور شناخت کے ثبوت ڈسپلے کیے ہیں۔

مزید، آپ کو لوگوں، جیسے فٹنس اسٹوڈیو یا ثقافتی ادارے کے ملازمین یا ممبران کی شناخت چیک کرنے کی ضرورت نہیں ہے، اگر ٹیکہ کاری کا ثبوت اس شناختی ریکارڈ سے ملایا جا رہا ہو جو آپ نے اس شخص کے لیے پہلے سے رکھے ہیں۔

شناخت میں کیا چیز شامل ہونا ضروری ہے؟
شناخت سے آپ کو یہ تصدیق کرنے کی سہولت ملنا لازم ہے کہ داخلہ کی درخواست کرنے والا فرد وہی شخص ہے جس کی عکاسی شناخت کے ثبوت پر ہوئی ہے۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ شناخت میں شامل ہونا ضروری ہے یا تو:
- اس فرد کا نام اور اس فرد کا فوٹو؛ یا

- اس فرد کا نام اور اس فرد کی تاریخ پیدائش۔

اس کے بعد آپ کو نام اور فوٹو یا تاریخ پیدائش کا موازنہ اس سے کرنا ضروری ہے جو شناخت کے ثبوت پر ڈسپلے ہوا ہے۔

شناخت کی قابل قبول شکلوں کی مثالیں کیا ہیں؟

شناخت کی قابل قبول شکلوں کی مثالوں میں بلا تحدید شامل ہے:

- ڈرائیونگ لائسنس
- غیر ڈرائیور کا سرکاری ID کارڈ
- IDNYC کارڈ
- پاسپورٹ
- اسکول یا دفتر کا ID کارڈ

افراد اپنی شناختی دستاویز کی کاپیاں، بشمول اپنے فون پر یا NYC کی Covid Safe جیسی ایپ استعمال کر کے ایک تصویر بھی دکھا سکتے ہیں جو انہیں دستاویز کی کاپی ڈسپلے کرنے دیتی ہے۔

مطلوبہ دستخط اور دستاویزات

کیا کوئی مطلوبہ علامتی تختی ہے؟

ہاں۔ *Key to NYC* کے ذریعہ محیط اسٹیبلشمنٹ کو ایسا نشان پوسٹ کرنا ضروری ہے جو ملازمین اور معاونین کو ٹیکہ کار کے تقاضوں کے بارے میں مطلع کرتا ہو۔ اسٹیبلشمنٹ NYC محکمۂ صحت کا تیار کردہ نشان پوسٹ کر سکتی ہے، جو آن لائن nyc.gov/keytoNYC پر یا 311 پر کال کرنے پر دستیاب ہے، جو آپ کو وہ نشان مفت میں میل کر دے گا۔ یہ نشان متعدد زبانوں میں دستیاب ہے۔

اسٹیبلشمنٹ خود اپنا نشان بھی بنا سکتی ہے، جو کم از کم 8.5 x 11 انچ ہونا ضروری ہے، جس میں کم از کم 14 پوائنٹ فونٹ ہو اور یہ متن شامل ہو: *"نیو یارک سٹی عملہ اور 5 سال اور اس سے زائد عمر کے گاہکوں سے اس اسٹیبلشمنٹ میں داخل ہونے کے واسطے COVID-19 کے خلاف ٹیکہ لگوانے کا تقاضا کرتا ہے۔ COVID-19 کا مفت ٹیکہ حاصل کرنے کی جگہ پتہ کرنے کے لیے nyc.gov/vaccinefinder ملاحظہ کریں یا (877-829-4692) 877-VAX-4NYC پر کال کریں۔ Key to NYC کے بارے میں مزید معلومات کے لیے، nyc.gov/keytoNYC* ملاحظہ کریں۔"

مجھے نشان کہاں پر پوسٹ کرنا ہوتا ہے؟

نشان ایسے مقام پر پوسٹ کرنا ضروری ہے جو اندرون کے حصے میں داخل ہونے سے پہلے معاونین کو آسانی سے نظر آتا ہو۔

مجھے کون سی دستاویزات رکھنے کی ضرورت ہے؟

آپ کو نفاذ کا منصوبہ رکھنا ضروری ہے جو یہ بتاتا ہو کہ آپ عملہ اور معاونین کے لیے ٹیکہ کاری کے ثبوت کی توثیق کس طرح کریں گے۔ منصوبہ سائٹ پر موجود اور معائنے کے لیے دستیاب ہونا ضروری ہے۔ ایسا محیط ادارہ جو متعدد مقامات پر ایک ہی قسم کے احاطہ بند ادارے چلاتا ہے وہ ایک ایسا منصوبہ رکھ سکتا ہے جو تمام مقامات پر لاگو ہوتا ہو لیکن اسے یہ یقینی بنانا ضروری ہے کہ منصوبے کی ایک کاپی ہر مقام پر رکھی گئی ہے تاکہ معائنے کے دوران اسے پیش کیا جا سکے۔

آپ پر یہ بھی لازم ہے کہ یا تو: (a) اپنے کارکنان کی ٹیکہ کاری کا ثبوت کام کرنے کے لیے ہر بار ان کے رپورٹ کرتے وقت چیک کریں اور ایک ریکارڈ رکھیں کہ آپ نے چیک کر لیا، یا (b) اپنے کارکنان کی ٹیکہ کاری کے ثبوت کا ریکارڈ رکھیں۔ اگر کارکنان آپ کے ساتھ صرف چند دنوں کے لیے ہیں تو پہلا اختیار استعمال کرنا آپ کو آسان تر معلوم پڑ سکتا ہے۔ دوسرے اختیار کے تحت، آپ ان کے CDC ٹیکہ کاری کارڈ کو کاپی کر کے یا اس کی تصویر لے کر مطلوبہ ریکارڈ یا قابل قبول ثبوت کا دیگر ورژن رکھ سکتے ہیں (اوپر والا سوال "ٹیکہ کاری کے کس قسم کے ثبوت کافی ہیں؟" صفحہ 5 پر دیکھیں)۔ اگر آپ ان کے ثبوت کا جائزہ لینے اور ان کی ٹیکہ کاری کی معلومات لکھ لینے کا انتخاب کرتے ہیں تو آپ کو ایک کاغذی یا الیکٹرانک ریکارڈ بنانے کی ضرورت ہوگی جس میں ہر کارکن کے لیے درج ذیل معلومات شامل ہوں:

1. کارکن کا نام؛ اور

2. آیا اس فرد کو پوری طرح سے ٹیکہ لگ گیا ہے؛ اور

3. جو کارکن دو خوراک والے ٹیکے کی پہلی خوراک کا ثبوت جمع کرواتا ہے اس کے لیے، تاریخ جب تک دوسری خوراک کا ثبوت فراہم کرانا ضروری ہے، جو پہلی خوراک کا ثبوت جمع کروانے کے بعد 45 دن سے زیادہ ہرگز نہ ہو۔

اگر آپ کا کوئی کارکن اس وجہ سے ٹیکہ لگوائے بغیر کام کر رہا ہے کہ آپ نے ان کے لیے معقول سہولت کو منظور کیا ہے تو آپ کو معقول سہولت دینے کے وقت، ایسا کرنے کی بنیاد اور معقول سہولت کے لیے کارکن کی فراہم کردہ تائیدی دستاویزات کا ریکارڈ رکھنا ہوگا۔ معقول سہولتیں اور ریکارڈ رکھنے کے بارے میں مزید معلومات کے لیے براہ کرم ذیل کا سوال، "کیا مجھے معاونین اور ملازمین کو کوئی معقول سہولتیں فراہم کرنے کی ضرورت ہے؟" دیکھیں۔

آخری بات، اگر آپ کسی ٹھیکیدار کو بحال کرتے ہیں تو آپ کو ٹھیکیدار کی ٹیکہ کاری کی حالت کا ریکارڈ رکھنے کی ضرورت نہیں ہے۔ آپ اس کی جگہ یہ درخواست کر سکتے ہیں کہ ٹھیکیدار کا آجر ٹھیکیدار کو ٹیکہ لگے ہونے کی تصدیق کرے۔ تاہم، آپ کو اپنی درخواست کا اور ٹھیکیدار کے آجر کی اس تصدیق کا ریکارڈ رکھنا ہوتا ہے کہ ٹھیکیدار کو ٹیکہ لگا ہوا ہے۔

مجھے جو دستاویزات برقرار رکھنی ہیں انہیں مجھے کس طرح نمٹانے کی ضرورت ہے؟
ٹیکہ کاری کی کوئی بھی معلومات محفوظ انداز میں اکٹھا اور اسٹور کی جانی چاہئیں تاکہ معلومات کی رازداری اور سیکورٹی کا تحفظ یافتہ ہونا یقینی ہو۔ اس طرح کی معلومات تک رسائی صرف ملازمین یا دیگر ایسے افراد کو حاصل ہونی چاہیے جنہیں اس آرڈر، یا دیگر سرکاری آرڈرز، قوانین، یا ضوابط کی تعمیل کے مقاصد سے ایسی معلومات تک رسائی حاصل کرنے کی جائز ضرورت ہے۔ ٹیکہ کاری کی معلومات کو کسی اور مقصد سے استعمال نہیں کیا جانا چاہیے۔

کیا میں نفاذ کا منصوبہ انگریزی کے علاوہ زبان میں لکھ سکتا ہوں؟
یہ مطلوب نہیں ہے کہ تحریری نفاذ کا منصوبہ انگریزی میں ہی ہو۔ آپ کسی بھی زبان میں نفاذ کا منصوبہ لکھ سکتے ہیں۔

مساویانہ نفاذ اور معقول سہولتیں

کیا مجھے معاونین اور ملازمین کو کوئی معقول سہولتیں فراہم کرنے کی ضرورت ہے؟
Key to NYC کے ہر کاروبار کو ان معاونین کے لیے جن کو معذوری سے متعلق وجوہات کے مدنظر ٹیکہ نہیں لگا ہے اور اس عملہ کے لیے جنہیں معذوری، مذہبی عقیدہ، حمل سے متعلق وجوہات، یا گھریلو تشدد، جنسی جرائم، یا تعاقب کے شکار کی حیثیت کے مدنظر ٹیکہ نہیں لگا ہے، اس پالیسی اور صحت عامہ کے پس پردہ مقاصد ذہن میں رکھتے ہوئے معقول سہولتوں پر غور کرنا چاہیے۔

اضافی معلومات کے لیے، اسمال بزنس سروسز (Small Business Services, SBS) کی ہاٹ لائن کو 888-SBS-4-NYC پر کال کریں یا CCHR کے حقائق نامے پڑھیں: Guidance for Employers on Equitable Implementation of COVID-19 Vaccine Requirements (COVID-19 کے ٹیکہ کے تقاضوں کے مساویانہ نفاذ پر آجروں کے لیے رہنمائی) اور Guidance for Public Accommodations on Equitable Implementation of COVID-19 Vaccine Requirements (COVID-19 کے ٹیکہ کے تقاضوں کے مساویانہ نفاذ پر عوامی سہولتوں کے لیے رہنمائی)۔ سٹی نے ایک جانچ فہرست تیار کی ہے جسے آجر چیک کر کے یقینی بنا سکتے ہیں کہ وہ ملازم کی معقول سہولت کی درخواستوں کو درست طریقے سے نمٹا رہے ہیں:
https://www1.nyc.gov/assets/doh/downloads/pdf/covid/vaccination-workplace-accommodations.pdf

میرے معاونین یا عملہ امتیازی سلوک کے بارے میں شکایات کہاں دائر کر سکتے ہیں؟
لوگوں کو کاروباروں کی جانب سے امتیازی سلوک یا ہراسانی سے آزاد رہنے کا حق ہے۔ NYC کمیشن برائے انسانی حقوق سے NYC.gov/HumanRights پر یا 311 کی معرفت رابطہ کریں۔

کاروبار کے لیے وسائل

کیا یہ رہنمائی سمجھنے میں میری مدد کے لیے کوئی ویبینار دستیاب ہیں؟
ہاں۔ nycsmallbizcourses.eventbrite.com ملاحظہ کریں اور "Key to NYC کے رہنما خطوط اور آپ کے کاروبار کی مدد کرنے کے لیے وسائل" تلاش کر کے ورچوئل ویبینار تلاش کریں جو آپ کے کاروبار کی مدد کرنے کے لیے دستیاب رہنما خطوط اور دیگر وسائل کی آپ کو سیر کرائیں گے۔

کیا اس مینڈیٹ سے متعلق اضافی اخراجات میں میری مدد کرنے کے لیے کوئی فائنانسنگ ہے؟
سٹی کے پاس پانچوں بروز میں NYC بزنس سولیوشنز سنٹرز ہیں جو مفت وسائل سے جوڑنے میں آپ کی مدد کر سکتے ہیں۔ وہ 40 سے زیادہ مستعار دہندگان کے ساتھ کام کرتے ہیں اور آپ کے لیے صحیح فائنانسنگ کے اختیار پر گفتگو کر سکتے ہیں۔ مزید جاننے کے لیے http://www.nyc.gov/financingassistance پر جائیں یا SBS ہاٹ لائن کو 888-SBS-4NYC پر کال کریں۔

اگر مجھے اضافی عملہ بحال کرنا ہو تو کیا ہوگا؟
سٹی کے Workforce1 Centers سبھی پانچوں بروز میں واقع ہیں اور نئے ہنر سے مفت میں آپ کو جوڑنے میں اور آپ کے موجودہ عملہ کے لیے تربیت میں بھی مدد کر سکتے ہیں۔ مزید جاننے کے لیے www.nyc.gov/recruitment پر جائیں یا SBS ہاٹ لائن کو 888-SBS-4NYC پر کال کر کے مزید پتہ کریں۔

نفاذ قانون

جب گاہک تعاون کرنے سے انکار کر دیں تو نجی کاروباروں کو کیا کرنا چاہیے؟
دفتر برائے انتظامی ٹرائل اور سماعت نے گاہکوں اور کاروباروں کے بیچ تنازعہ کے حل کی تربیت کے لیے ہمارے بہترین طرز عمل کو بیان کرتے ہوئے ایک ویبینار (https://www1.nyc.gov/site/oath/conflict-resolution/conflict-resolution.page) پوسٹ کیا ہے۔ نجی کاروباروں کو چاہیے کہ 911 پر کال کر کے ہنگامی صورتحال یا ایسی کیفیت کی رپورٹ کریں جس سے زندگی یا ذاتی املاک کو خطرہ لاحق ہوسکتا ہے۔

***Key to NYC* کے تقاضے کس طرح نافذ کیے جائیں گے؟**
سٹی کی متعدد ایجنسیوں کے معائنہ کاران 13 ستمبر 2021 سے ہی *Key to NYC* کو نافذ کرتے رہے ہیں۔ تمام معائنہ کاران، چاہے وہ جس ایجنسی سے بھی ہوں، *Key to NYC* کے انہی تقاضوں کی تعمیل کے مدنظر معائنہ کیا کریں گے۔

کیا عدم تعمیل کے لیے کوئی ہرجانے ہیں؟
13 ستمبر 2021 تک، نافرمان پائی جانے والی کسی اسٹبلشمنٹ پر $1,000 کا جرمانہ عائد کیا جا سکتا ہے۔ مکرر خلاف ورزی کے نتیجے میں جرمانے کی رقم بڑھ سکتی ہے یا نفاذ کی دیگر کارروائی ہو سکتی ہے۔

معائنوں کے بارے میں سوالات اور تشویشات کے ساتھ میں کس کو کال کر سکتا ہوں؟
اسمال بزنس سروسز کی ہاٹ لائن کو 888-SBS-4-NYC پر کال کریں۔

ٹیکہ لگوانا

میں COVID-19 ویکسین کے بارے میں مزید جانکاری کہاں سے حاصل کر سکتا ہوں؟
COVID-19 کا ٹیکہ محفوظ، مؤثر اور مفت ہے۔ nyc.gov/covidvaccine پر یا 311 پر کال کر کے مزید جانیں۔

میرے ملازمین کو کہاں پر ٹیکہ لگایا جا سکتا ہے؟
ٹیکہ کاری کی سائٹ تلاش کرنے کے لیے Vaccine Finder (ویکسین فائنڈر) (nyc.gov/vaccinefinder) پر جائیں 877-VAX-4NYC (877-829-4692) پر کال کر کے اپنے قریب میں مقام تلاش کریں یا کوئی اپائنٹمنٹ شیڈول کریں۔